20032 ـ روزے کی حالت میں بیوی سے خوش طبعی کرنے کا حکم

سوال

کیامیں روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے یہ کہہ سکتا ہوں کہ مجھے آپ سے محبت ہے ؟
میری بیوی مجھ سے یہ مطالبہ کرتی رہتی ہے کہ میں روزے کی حالت میں اس سے محبت کا اظہار کرتےہوئے کہوں کہ میں آپ سے محبت کرتا ہوں ، لیکن میں نے اسے کہا کہ روزے کی حالت میں ایسا کہنا جائز نہیں ، لیکن وہ کہتی ہے کہ جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مرد روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے خوش طبعی کرسکتا ہے ، اسی طرح بیوی کے لیے بھی جائز ہے کہ وہ اپنے خاوند سے روزے کی حالت میں خوش طبعی کرلے ، لیکن ایک شرط ہے کہ وہ دونوں اپنے آپ پر کنٹرول رکھ سکتے ہوں کہ انزال نہ ہونے پائے ، اوراگر انہیں اپنے آپ پر کنٹرول نہیں کہ شدید قسم کی شہوت ہونے کی بنا پر اس کا انزال ہوجائے ، تومنی کے اخراج سے روزہ فاسد ہوجائے گا ۔

لھذا ایسے شخص کے لیے بیوی سے خوش طبعی کرنا جائز نہیں ،کیونکہ وہ ایسے کرنے سے اپنا روزہ فاسد کرلے گا ، اوراسی طرح مذی کے نکلنے کا خدشہ ہو ۔

دیکھیں الشرح الممتع (6 / 390) ۔

روزے کی حالت میں انزال ہونے سے محفوظ رہنے والے شخص کے لیے بیوی سے بوس وکنار کرنے کی دلیل یہ ہے کہ :

عائشہ رضي اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے روزہ کی حالت میں بوس وکنار کیا کرتے تھے ، اورانہیں اپنے آپ پرتم سے زیادہ کنٹرول تھا ۔

صحیح بخاری حدیث نمبر (1927) صحیح مسلم حدیث نمبر (1106)

اور ایک حدیث میں ہے کہ :

عمرو بن سلمہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا روزہ دار بوسہ لے سکتا ہے ؟

تورسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

اس سے پوچھ لو (ام سلمہ رضي اللہ تعالی عنہا سے) ام سلمہ رضي اللہ تعالی عنہا نے انہیں بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کیا کرتے تھے ۔

صحیح مسلم حدیث نمبر (1108) ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

بوسہ کے علاوہ معانقہ اوردوسرے ابتدائي کام کے حکم کے بارہ میں ہم یہ کہیں گے کہ اس کا حکم بھی بوسے کاحکم ہی ہے اوراس میں کوئی فرق نہیں ۔ا ھـ دیکھیں الشرح الممتع (6 / 434) ۔

لھذا اس بنا پر آپ کا صرف اپنی بیوی کو یہ کہنا کہ میں آپ سے محبت کرتا ہوں ، یا وہ آپ کو یہ کہے کہ میں آپ سے محبت کرتی ہوں ، روزے کو کسی بھی قسم کا کوئي نقصان نہیں دیتا ۔

واللہ اعلم .